## سوال

(71)وضوء میں ترتیب

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

اگر دوران وضو ترتیب بھول جائے یعنی پہلے ہاتھ دھولے اور پھر منہ دھوئے تو کیا وضو ہو جاتا ہے؟ جزاکم اللہ خیرا

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

راجح قول کے مطابق وضو میں ترتیب واجب ہے۔ امام شوکانی لکھتے ہیں :

''وضو میں ترتیب واجب ہے اور غیر مرتب وضو کفایت نہیں کرتا۔'' (السیل الجرار : 1/87)

جہاں تک وضو میں ترتیب بھول جانے کا تعلق ہے تو ہمارے نزدیک اس صورت میں وضو دہرانا پڑے گا۔ نبی کریم ﷺ نے ایک دیہاتی سے کہا :

''توضا کما أمرک اللہ'' ( بیہقی : 1/73)

''اسی طرح وضو کرو جیسے اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے۔''

شیخ صالح العثیمین لکھتے ہیں :

"أنہ فرض والفرض لا یسقط بالنسیان ~

''وضو میں ترتیب واجب ہے اور یہ بھول جانے سے ساقط نہیں ہوتی۔''

وباللہ التوفیق

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد02**